www.wilayattimes.com

ہفت روزہ

WILAYAT TIMES

ولایت ٹائمز

سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ھے وہ انھیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ھے

جلد:2☆شمارہ نمبر:42☆تاریخ:11اکتوبر تا18اکتوبر2016ء بمطابق 9محرم تا16محرام1438ھ☆صفحات:12

حقیقی عزادار

سید ماجد رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزاداری کے لغوی (Dictionary) معنی ہے ماتم یا سوگ کرنا۔ اور جو یہ ماتم یا سوگ برپا کرے گا اسکو عزادار کہتے ہیں، عزاداری کے اصطلاحی (Terminological) معنی ہے سید الشہداء امام حسینؑ و شہدائے کربلا کی یاد میں رونا، ماتم کرنا، نوحہ خوانی، مرثیہ خوانی، سینہ زنی وغیرہ انجام دینا۔ یہ عزاداری با مقصد ہوتی ہے اور مقصد قیام امام حسینؑ تک پہنچنے کا ذریعہ ہوتی ہے۔ عزاداری اس قربان گاہ کی یاد کا ذریعہ ہے جہاں اللہ کے ایک مخلص بندے نے انسانیت و دین خدا کی بقاء کے لئے اپنا سارا گھر لٹا دیا اور دین حق کی بقاء و دوام کا انتظام کر دیا۔ شہدائے کربلا کی یاد، جذبہ ایثار و قربانی کی تربیت گاہ اور بقائے دین الٰہی کی ضمانت ہے۔ یاد دہانی نفسیات کے صالح و صحت مند تربیت کا بہترین ذریعہ ہے اور اس سے بشری ذہنوں کی اصلاح و تربیت میں بہت بڑا حصہ حاصل رہا ہے۔

عزاداروں کی دو قسمیں ہیں رسمی عزادار اور حقیقی عزادار، رسمی عزادار وہ ہوتا ہے جو عزاداری کو آباء و اجداد سے ملی ہوئی رسم کے طور پر انجام دیتا ہے اور ذمہ داریوں سے بے خبر ہوتا ہے اور ایام عزا ختم ہونے کے ساتھ ہی "الوداع یا حسینؑ" کہتا ہے اور رسم و رواج میں مست مزاج خانقاہی میں محو ہوتا ہے اور فلسفہ عزاداری سے بے خبر ہوتا ہے۔ حقیقی عزادار عزاداری کو رسم آباء و اجداد نہیں سمجھتا ہے بلکہ سنت ائمہ معصومینؑ جان کر اور جناب زینبؑ کے نقش قدم پر چل کر عزاداری انجام دیتا ہے عزاداری کو ظالم اور نظام طاغوت کے خلاف ایک اسلحہ سمجھ کر انجام دیتا ہے جس سے نظام طاغوت لرز اٹھتا ہے اس کی عزاداری امام وقت کے دستور کے مطابق ہوتی ہے۔ عزاداری صرف نقل واقعات اور بیان داستان نہیں ہے بلکہ یہ تربیت اور تعلیم کی اوپن یونیورسٹی (Open University) اور عظیم درسگاہ ہے۔ شہداء کربلا کی عزاداری خدا اور رسولؐ کے دشمنوں سے بیزاری اور نبی و اہلبیتؑ سے اظہار محبت و عقیدت کا بہترین ذریعہ ہے ذکر شہدائے کربلا دلوں کو حرارت بخشتی ہے انسان کو حقیقی مجاہد بنا کر باطل سے لڑنے کا حوصلہ بخشتی ہے، حسینی باطل کے سامنے سر نہیں جھکاتا کیونکہ امام حسینؑ کا ذکر کرنے سے روح، روح حسینؑ سے متصل ہوتی ہے حضرت سید الشہداءؑ کی عزاداری مسلسل حق اور اہل حق کی حمایت و نصرت اور باطل سے نفرت و بیزاری کا اعلان ہے اس تذکرہ میں اخلاق اور انسانیت کے وہ اعلیٰ نمونے نظر آتے ہیں جس کی کوئی مثال نہیں۔ البتہ ایک بات کا تذکرہ ضروری ہے کہ ملک کے حالات اور تعلیمی نظام (Educational System) اور نوجوانوں کی صلاحیت و موجودہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے مقررین و ذاکرین کی زبان (انداز بیان) میں اور سامعین کے قبول کرنے کی صلاحیتوں میں چندان فاصلہ پیدا کر دیا ہے جس سے نئی نسل بات سن کر مفہوم تو نکال لیتی ہے مگر مقصد تک نہیں پہونچ پاتی ہے۔ مبلغین و ذاکرین پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ عزاداری اور منبر کے وقار و تقدس کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایسی منطقی زبان استعمال کریں جس سے فلسفہ عاشورہ سامعین اور خاص کر نئی نسل کو سمجھا جائے تاکہ افادیت اور تاثیر میں کافی حد تک اضافہ ہو جائے گا۔ ذکر شہدائے کربلا کے ساتھ وقت کے تقاضوں کو بھی مد نظر رکھا جائے، مغربی اور غیر مغربی ممالک سے تہذیبی جارحیت سے پیش آنے والے مسائل اور ان کے حل کو بھی بیان کیا جائے فکری، علمی، اور دینی مشکلات کا عملی حل پیش کیا جائے تو نئی نسل کی تربیت پر اچھا اثر پڑے گا اور انکے لئے زندگی کی صحیح سمتیں واضح و روشن ہو جائیں گی اگر عزاداری سے فلسفہ عزاداری کو الگ کیا جائے تو یہ عزاداری بے روح ہوگی۔

رہبر معظم سید علی خامنہ ای (مدظلہ) فرماتے ہے "یہ مجالس یہ عزاداری یہ یاد حسینؑ اور یہ یاد عاشورہ خدا کی نعمتوں میں سے ہیں انکی قدر جانیں۔ کربلا عزاداروں کے اذہان و افکار کی تربیت کا سرچشمہ حیات ہے۔ کربلا تمام تحریکوں کا سرچشمہ ہے چاہے وہ تحریک امام راحل امام خمینیؒ نے چلائی جس انقلاب اسلامی نے ایران کا ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کا نقشہ ہی بدل ڈالا۔ امام خمینیؒ اکثر کہا کرتے تھے "ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے کربلا اور عزاداری کی بدولت ہے" ظالم کے خلاف اور مظلوم کی حمایت میں جو بھی تحریک چل رہی ہے انکا منبع (Origin) کربلا ہے۔ یا وہ تحریک جو فلسطین، یمن یا ہماری وادی کشمیر جنت بے نظیر میں چل رہی ہے۔ کربلا حق و باطل کے معیار کی جدائی کا دن ہے۔ حضرت امام حسینؑ اور یزید کے درمیان جنگ ذاتی یا خاندانی نہیں تھی بلکہ دو نظریات کا تصادم تھا ایک اسلامی نظریہ اور ایک طاغوتی نظریہ کا۔ رسمی طور یزید اور حامی یزید بھی عبادات نماز، روزہ، حج وغیرہ انجام دیتے تھے، لشکر یزید میں قرآن کے حافظ اور قاری بھی شامل تھے۔ جب یزید نے امام حسینؑ سے بیعت کا مطالبہ کیا تو امام حسینؑ نے نورانی کلمہ کہا "مثلی لا یبایع مثلہ" (کلمات امام حسینؑ ص ۲۸۳) یعنی "مجھ جیسا تم جیسے کی بیعت نہیں کر سکتا" جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ لڑائی دو کرداروں کی لڑائی تھی اور تا روز محشر تک رہے گی ہر دور میں یزید، عمر سعد، شمر جیسے انسان ابھرتے رہیں گے اور حسینی کردار والے بھی انکا مقابلہ کرتے رہیں گے۔

> کربلا عزاداروں کے اذھان و افکار کی تربیت کا سر چشمہ حیات ھے ۔ کربلا تمام تحریکوں کا سر چشمہ ھے چاہے وہ تحریک امام راحل امام خُمینیؒ نے چلائی جس انقلابِ اسلامی نے ایران کا ھی نہیں بلکہ پوری دُنیا کا نقشہ ھی بدل ڈالا ۔ امام خُمینیؒ اکثر کہا کرتے تھے " ھمارے پاس جو کچھ بھی ھے کربلا اور عزاداری کی بدولت ھے " ظالم کے خلاف اور مظلوم کی حمایت میں جو بھی تحریک چل رھی ھے انکا منبع (Origin) کربلا ھے ۔ یاوہ تحریک جو فلسطین ، یمن یا ھماری وادی کشمیر جنتِ بے نظیر میں چل رھی ھے۔ کربلا حق و باطل کے معیار کی جُدائی کا دن ھے ۔

حقیقی عزادار کے اوصاف

حقیقی عزادار فلسفہ عزاداری سے واقف ہو کر رسم و رواج، اور گروہ بندی فکر سے اور تنظیموں سے بالاتر ہو کر اپنے آپ کو امام وقت کے سپرد کر کے روح حسینؑ و کردار حسینؑ سے وابستہ ہو کر دین اسلام کی بقاء کے خاطر عزاداری انجام دیتا ہے، رزم شبیری برپا کرتا ہے۔ جس عزاداری سے وقت کا یزید لرزتا ہے یہ عزاداری زینبیؑ عزاداری ہوا کرتی ہے۔

☆ حقیقی عزادار اپنی بستی، محلہ، علاقہ میں کردار و گفتار میں نمونہ عمل ہوتا ہے۔ اپنے وہ دوسرے بھی اسکے کردار سے متاثر ہوتے ہیں۔

☆ حقیقی عزادار انسانیت، دین اور ائمہ معصومینؑ کے بارے میں دائمی نگاہ سے سوچتا ہے اور اپنے زمانے کے حالات سے واقفیت کی بنا پر اپنے زمانہ میں موجود ان تمام شیطانوں اور اللہ کے دین کے دشمنوں کو جو انسانوں کی ابدی سعادت و خوش بختی کی راہ میں رکاوٹ ہوتے ہیں ان رکاوٹوں کو راستے سے ہٹانے کے لئے وہ انکا مقابلہ شروع کر دیتا ہے۔

☆ حقیقی عزادار کبھی بھی ان لوگوں میں شامل نہیں ہوتا جو اپنے امام کو تکلیف پہنچاتے ہیں۔

☆ حقیقی عزادار کو اچھی طرح یہ معلوم ہوتا ہے کہ خداوند عالم کے سامنے امام زمانہ کے بارے میں جوابدہ ہونا ہے اسلئے اپنے فرائض کی ادائیگی میں اس سے کسی کا انتظار نہیں رہتا ہے وہ کسی گروہ، پارٹی یا تنظیم کے منتظمین کا منتظر نہیں رہتا ہے وہ اکیلے ہونے کے باوجود امام زمانہ کے لئے راہ ہموار کرتا ہے اور حقیقی منتظر امام زمانہ (عج) کے صف میں شامل ہونے کے لئے ہمہ گیر کوشش کرتا رہتا ہے۔

☆ حقیقی عزادار اپنے امام وقت کو تنہا نہیں چھوڑتا ہے۔ عزاداری کے پیغامات اور اسباق سے پوری طرح واقف ہوتا ہے خون امام حسینؑ کے سوداگروں، پیشہ وروں، عزاداری کے نام پر اپنے مفادات حاصل کرنے والوں سے باخبر ہو کر ان کے خلاف عملی اقدامات کرتا ہے۔

☆ حقیقی عزادار امام حسینؑ اور امام زمانہ (عج) کے دشمنوں سے اپنے قلبی نفرت کا اظہار کرتا رہتا ہے اور اپنے عمل سے حقیقی عزادار ثابت ہونے کی مکمل کوشش کرتا رہتا ہے نہ کہ جوشیلے نعروں سے۔

☆ حقیقی عزادار امام زمانہ (عج) سے وفاداری اور محبت میں اتنا مستحکم اور ثابت قدم رہتا ہے کہ وہ ہر مصیبت اور بلا کو برداشت کرنے کے لئے تیار رہتا ہے اس نے مصائب و مشکلات کے عاشقانہ استقبال کا سبق امام حسینؑ اور ان کے اصحاب باوفا سے سیکھا ہے۔

☆ حقیقی عزادار ظلم پر روتا بھی ہے اور ظالم کے خلاف آواز بھی بلند کرتا ہے مردہ یزید پر لعنت بھی بھیجتا ہے اور زندہ یزید، (یزیدی کردار) کے خلاف بھی آواز اٹھاتا ہے خانقاہیت سے نکل کر رسم شبیری انجام دیتا ہے۔

☆ حقیقی عزادار اپنے امام وقت کو کبھی بھی کوفیوں کی طرح تنہا نہیں چھوڑتا ہے بلکہ امام کے صدائے استغاثہ "ھل من ناصر ینصرنا" پر ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ اور کبھی بھی الوداع نہیں کہتا ہے بلکہ اسکے زبان پہ ہمیشہ یہی نعرہ ہوتا ہے لبیک یا حسینؑ لبیک یا امام۔

☆ حقیقی عزادار زمانے کے یزیدی کردار (امریکہ و اسرائیل) کے خلاف نعرہ آزما حسینی کردار (مقام معظم رہبری و سربازان اسلام) کو تنہا نہیں بلکہ زمانہ غیبت میں نائبین کی اطاعت بجا لا کر دشمن کی ناک کو زمین پر رگڑ کر تمام اسلام کش منصوبوں کو ناکام بناتا ہے۔

بقول علامہ اقبالؒ

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسم شبیری
کہ فقر خانقاہی ہے فقط اندوہ و دلگیری
ترے دین و ادب سے آ رہی ہے بوئے رہبانی
یہی ہے مرنے والی امتوں کا عالم پیری

مقالہ نگار ماگام بڈگام کشمیر سے تعلق رکھتے ہیں اور دانشگاہ کشمیر میں زیر تعلیم ہیں۔

باطل پر حق کی فتح!

سرکارِ شہادت حضرت امام حسینؑ نے ریگزارِ کربلا میں اپنی اور اپنے احباب واقارب کی قربانی پیش کرکے اسلام کے سرسبز و شاداب گلستان کو پژمردہ ہونے سے بچایا۔ امام عالیمقام نے یزید پلید کی بیعت سے صاف انکار کرکے رہتی دنیا تک یہ مثال قائم کی کہ حق کبھی باطل کے سامنے سرِتسلیم خم نہیں کرسکتا۔ حق، باطل کی طاقت سے کبھی مرعوب نہیں ہوسکتا۔ حق باطل کی ظاہری شان و شوکت اور ٹھاٹ باٹ سے متاثر نہیں ہوسکتا۔ حق باطل کی تیغ و تفنگ کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ و جرأت رکھتا ہے اور حق کو باطل کی چکا چوند روشنی کبھی خیرہ نہیں کرسکتی۔

یزید کافر حکمران کی حیثیت سے نہیں بلکہ خلیفہ امت مسلمہ کی حیثیت سے حضرت امام حسینؑ کے مقابلے میں آیا۔ یزیدی فوج کے بڑے بڑے سپاہ سالار، قاری قرآن اور ائمہ جمعہ و جماعت بھی تھے۔ وہ امام حسینؑ کی انکارِ بیعت کو خلیفہ وقت کے خلاف بغاوت سے تعبیر کرتے تھے۔ قتلِ حسینؑ کو فتحِ اسلام سمجھتے تھے۔ عمر سعد یہ کہہ کر اسلامی ہونے کا ڈھنڈورا پیٹ رہا تھا کہ حسینؑ کو جلدی قتل کرو نماز کا وقت قریب ہو رہا ہے۔ ایسے ماحول میں حضرت امام حسینؑ نے حق و باطل کے درمیان خطِ فاصل کھینچا۔ باطل پر حق کا رنگ چڑھانے کی مذموم چالوں کو ناکام کیا۔ باطل کے چہرے سے منافقت کے پردے کو ہٹایا۔ حق کے آفتاب کو روشن کیا۔ باطل کی غلاظت کو عریاں کیا۔ باطل کے حق نما منصوبوں کو بے نقاب کیا۔

عصرِ حاضر میں بھی ہزاروں عمر سعد جیسے تحریباں اور سخن راں نام نہاد مورخین و محدثین یزید پلید کو بے گناہ بلکہ خلیفہ اسلام کے طور پر پیش کرنے کی مذموم کوششیں کر رہے ہیں۔ یزید کے حق میں کتابیں تحریر کر رہے ہیں۔ یزید کو لعنت اللہ علیہ کے بجائے رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرار دے رہے ہیں اور نواسۂ رسول و جگر گوشہ بتول حضرت امام حسینؑ کو باغی قرار دے رہے ہیں یہاں تک کہ واقعہ کربلا کو جھٹلانے کیلئے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

لیکن .... حضرت امام عالیمقام کی درخشندہ و تابندہ شہادت کے سامنے باطل کے تمام تر منصوبوں کی حیثیت ہی نہیں جیسا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ باطل اپنے تمام کوششوں و ہتھکنڈوں کے باوجود روز بروز ذلیل سے ذلیل تر ہو رہا ہے جبکہ حق روشن سے روشن تر ہو رہا ہے۔ دنیا کے تمام اہلیانِ حق بلا لحاظ مذہب و ملت حضرت امام حسینؑ کو اپنا آئیڈیل تسلیم کرکے حریت آموز ہے جبکہ دنیا کے تمام باطل پرست قوتوں پر یزیدیت کا داغ نمایاں ہے۔

وسیم رضا (مدیرِ اعلیٰ ولایت ٹائمز)

حسینیؑ اسلام و یزیدی اسلام میں فرق؟

دشمنت کشت ولی نور تو خاموش نشد — آری آن جلوہ کہ خاموش نشود نور خداست

جیسے جیسے دنیا کے علم و شعور میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے، اہداف کربلا کی تبلیغ اور پیغامِ کربلا کو عملی کرنے کی ذمہ داری بھی اتنی ہی زیادہ بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ اکیسویں صدی کی ایک دردناک حقیقت یہ ہے کہ اس صدی میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، میڈیا و سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس کے مختلف وسائل موجود ہونے کے باوجود اہداف کربلا اور پیغامِ کربلا کی اس طرح سے ترویج و اشاعت نہیں کی گئی جس طرح سے وقت تقاضا اہم سے کرتا ہے۔ پیغمبر آخر الزمان (ص) کے ماننے والوں کی اس سستی اور غفلت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یزیدیت کی کوکھ سے جنم لینے والی ناصبیت و تکفیریت نے دینِ اسلام کے خلاف سرد جنگ کا آغاز کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اپنے اوپر اسلام کا لیبل لگا کر مسلمانوں کی صفوں میں شامل ہوگئے، یزید کو رضی اللہ اور امام حسین کو نعوذ باللہ باغی اور باغی کہا جانے لگا۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ صدی میں اس غیر انسانی فکری تحریک سے سینکڑوں سادہ لوح مسلمان متاثر ہوئے اور جو لوگ ان کے جال میں براہِ راست نہیں آئے، ناصبیت نے ان کے سامنے کربلا کو اس طرح مسخ کرکے پیش کیا کہ وہ لوگ انہیں پیغمبر کے حقیقی وارث و اسلام کے محافظ سمجھنے لگے جبکہ کچھ نام نہاد علماء نے فتوے جاری کئے اور انہیں مجاہدین کے القاب سے نوازا۔

گویا جو ہر ملعون سلمان رشدی کے قلم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف اگلا تھا وہی نواسہ رسولؐ کے خلاف اگلا جانے لگا۔ پوری دنیا میں خصوصاً عراق، افغانستان، سعودی عرب، ہندوستان اور پاکستان میں ایسے تجربے کیے گئے، بصیرین اور صحافی حضرات جنہوں نے بھی کربلا کے بارے میں تحقیق ہی نہیں کی تھی، انہیں ناصبیت نے غیر مصدقہ تحریری مواد اور فرضی معلومات فراہم کرکے شعوری و غیر شعوری طور اپنے حق میں استعمال کیا، کئی وڈیو چینلز سے کبھی دبے الفاظ میں اور کبھی کھلم کھلا یزید کی تعریف اور امام حسین (ع) پر تنقید کی اور دینِ محمدی کو حیات بخشنے والے واقعہ کربلا کو مشکوک بنانے کی مذموم شیطانی کوشش کی، اس سے بڑی مظلومیت مسلمانوں کیلئے اور کیا ہوسکتی ہے کہ یہ لگام فرقہ ہم کو نیا اسلام سکھا رہے ہیں۔

آج کے دور میں اگر کوئی منصفِ نواسہ رسول امام حسینؑ کی توہین کرتا ہے، کوئی چینل یزید پلید کی تعریف کرتا ہے، کوئی صحافی تکفیریوں کی دہشتگردی کو جہاد قرار دیکر دہشت گردوں کو امام حسین (ع) کا وارث قرار دیتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ لوگوں تک امام حسین (ع) تو پہنچا ہے پیغامِ حسین (ع) نہیں پہنچا، اب یہ ذمہ داری ہے ان تمام مسلمانوں کی وہ خواہ شیعہ ہوں یا سنی کہ وہ ناصبیت کو بے نقاب کرنے کیلئے پیغامِ کربلا کو عام کریں۔ تحریک کربلا پر لکھیں، کربلا کے بارے میں کتابیں پڑھیں، تنہائی کے لحاظ میں کربلا سوچیں، اپنی محافل میں کربلا کو موضوع بنائیں اور اپنی عملی زندگی کو مقاصدِ کربلا سے ہم آہنگ کریں۔۔۔۔

آج اسلامی دنیا میں اہداف کربلا کے گم ہوجانے کا اہم سبب وہ دانشمند، خطباء اور ادباء ہیں جنہیں حسین ابن علی (ع) کی برکت سے علم کا رزق، افکار کا نور، قلم کی بلاغت، زبان کی فصاحت اور بیان کی طاقت تو مل جاتی ہے لیکن وہ پیغامِ کربلا کو عوام تک نہیں پہنچاتے، اسی طرح وہ لوگ بھی اس جرم میں برابر کے شریک ہیں جو پورا سال حصولِ علم کے لئے مدینۃ العلم اور باب العلم کا دامن تو تھامے رکھتے ہیں لیکن اپنے علم کو تبلیغ کے ذریعے منتقل نہیں کرتے۔

اگر مسلمان بلا لحاظ مسلک و مذہب تعصب سے پاک ہوکر تحریکِ کربلا کو اس کی آب و تاب، جمال و جلال، عشق و عرفان اور خون و پیغام کے ساتھ بیان کریں تو دنیا کا کوئی بھی فرد داعشیوں، تکفیری وہابیوں کے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہو اور دنیا کا ہر منصف مزاج انسان جب حسینؑ اور یزید لعین کا موازنہ کرتا تو بے ساختہ اس کی زبان پر یہ کلمات جاری ہوجاتے کہ دہشت گردوں کا اسلام کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں بلکہ یہ تسلسل ہے یزیدی نسل کا جنہوں نے کربلا میں مسلمانوں کا لباس پہن کر نعرۂ تکبیر بلند کرکے رسولؐ کے نواسہ و خاندان کو شہید کیا۔

اس لئے کہ کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جس کے سجدہ گزاروں پر عرش والے بھی ناز کرتے ہیں، جس نے دینِ اسلام کو لازوال کر دیا، جس نے اسلام کو حیات نو بخش دی، جس نے شریعت کو لازوال کر دیا، جس نے سنت کو زندہ کر دیا، جس کے ذکر نے میرانیس کو بادشاہوں سے بے نیاز کر دیا، جس کے تخیل نے مرزا دبیر کو معیارِ فصاحت بنا دیا، جس کی تجلی نے اقبال کو شاعرِ مشرق بنا دیا، جس کی معرفت نے قوم کو مرکزِ انقلاب بنا دیا، جس کے فیض نے روح اللہ خمینی کو بت شکن بنا دیا، جس کے حسن و جمال نے شعراء کو مجذوب کر لیا، جس کی روانی نے خطباء کو مسحور کر دیا، جس کی پیاس نے دو عالم کو دنگ کر دیا، جس کے علم کا پھریرا آفاقِ عالم پر چھایا ہوا ہے اور جس کے کرم کی سلسبیل سے قیامت تک کی رہتی دنیا سیراب ہوتی رہے گی۔۔۔۔

کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جس کا امیر اگر اپنے نانا کی آغوش میں ہو تو شہکارِ رسالت ہے، اگر اپنے باپ کے کندھوں پر ہو تو فخرِ ولایت ہے، اگر آغوشِ مادر میں ہو تو تضمینِ طہارت ہے۔

کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جس کے امیر نے نوکِ نیزہ پر قرآن کی تلاوت کرکے آلِ محمد کی فضیلت و عظمت کا سکہ جما دیا، جس کے علمدار نے اپنے صبر و اس وقت کے امام زمان کی اطاعت کرکے یزیدیت اور ناصبیت کو شکست سے دوچار کر دیا۔

کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جس نے رسول خدا کی نواسی حضرت زینب بنت علی سلام اللہ علیہا کو بعد از کربلا حسین بنا دیا، جس کے تبلیغ نے دربار میں تمام اسلام دشمنوں کے چہرے سے نقاب اٹھا دیا، جس نے اپنی چادر کی پرواہ نہ کرتے ہوئے تطہیر کی چادر اوڑھ دی اور یزیدی اسلام و حقیقی اسلام میں ایک سرخ لکیر کھینچ دی کہ تا قیامت یزیدیوں کے ماتھے پر داغ نمایاں و روشن ہیں۔

کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جہاں ایک ننھا پھول جناب علی اصغرؑ یا سارا بکھن اپنے خون سے لکھ لا اللہ، جدا مجد محمد مصطفیٰ کی رسالت اور 12 ستاروں کی ولایت و امامت کے باغِ دینِ اسلام کو اپنے پاک خون سے سیراب کر دیا۔

کربلا تو وہ ہے۔۔۔۔ جہاں لشکرِ حسینؑ کے سپاہیوں نے اپنی بہادری و صبر سے عالمین کو رلا دیا، جہاں ایک عیسائی نے انسانی پیغام سننے کے بعد طاغوت کے خلاف قیام کیا اور نواسہ رسول کے اصحاب میں شمار ہوکر اسلام کا ایک بے مثال جانباز بن گیا۔

بھلا کیا رہا ہے کربلا کو یزیدی اسلام کے ساتھ۔۔۔۔ داعش کی نام نہاد خلافت کیساتھ۔۔۔۔ فرقہ بندی کے ساتھ۔۔۔۔ دہشت گردوں کے ساتھ۔۔۔۔ دنیا و اقتدار پرستی کے ساتھ۔۔۔۔ باطل سے یاری کے ساتھ۔۔۔۔ منافقین سے ہمدردی نہیں۔۔۔۔ الغرض۔۔۔۔

ہمارے واعظین، خطباء، ادباء اور صاحبانِ قلم و فکر کی ذمہ داری ہے کہ وہ مشکلوں کے مورچوں سے نکل کر اور حالات کے زندان کو توڑ کر کربلا پر تحقیق کریں، کربلا لکھیں، کربلا پڑھیں، کربلا خود بھی سمجھیں اور دوسروں کو بھی سمجھائیں۔۔۔۔

عصرِ حاضر میں جیسے جیسے دنیا کے علم و شعور ترقی کی جانب گامزن ہے، اہداف کربلا کی تبلیغ اور پیغامِ کربلا کو عملی جامہ پہنانے کی ذمہ داری بھی اتنی ہی بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ اگر ہم یہ ذمہ داری ادا نہ کرسکیں تو پھر ہمیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اس سلب توفیق کے پیچھے ضرور کوئی بات ہے۔

ولایت ٹائمز ڈاٹ کام

امام عالیمقامؑ اور عشق الٰہی

بسم تعالیٰ

خانہ نبوت فرشتوں کی آمد ورفت کی منزل ،نزول وحی کا مرکز نور ہدایت کی جلوہ گاہ ہے وہ اسی لائق ہے کہ اس خانہ کی آغوش میں عالم انسانیت کے عظیم اور بے مثال شخصیتیں پرورش پائی ہیں ۔اور اپنے تابناک ودرخشاں کردار اور عمل سے انسانی معاشرہ کی رہنمائی کرتے رہے ۔ظاہری مالی اعتبار سے اگرچہ یہ خانہ حقیر ہی تھا مثلاً رنگ وروغن والا مکان وغیرہ نہ تھا لیکن درحقیقت یہ خانہ نہایت ہی عظیم اور بلند مرتبہ والا تھا ۔اس پاک وپاکیزہ، عصمت وطہارت والے گھرانہ سے نور کی کرنیں پھوٹتی تھیں اگر روئے زمین پر اس عظیم المرتبت والے خاندان کا وجود نہ ہوتا تو ظلم وبربریت ،تاریکی جہالت اور بدکرداری وغیرہ کے خلاف جہاد کیلئے دنیا والوں کے پاس شاید کوئی اسوہ اور نمونہ موجود نہ ہوتا ۔اسلام کی بقا کیلئے اس خانوادہ کے عظیم ہستیوں نے وقتاً فوقتاً اپنی قیمتی جانوں اور مال واسباب کا نذرانہ پیش کیا۔

اس خاندان کی طہارت وپاکیزگی اور شائستگی وغیرہ خود اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے ۔قرآن پاک کے سورہ مبارکہ احزاب آیت نمبر ۳۳ میں اہلبیت (علیہم السلام) کے گھرانہ کی عظمت وعصمت واضح طور پر بیان ہوا ہے ۔گویا یہ گھرانہ ایک ایسا گھرانہ ہے جس کی مخالفت سراسر خدا اور دین مبین اسلام کی مخالفت ہے ۔عظیم المرتبت والے اس خاندان کی بنیاد ہی نبی اکرم حضرت محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مستحکم کی ہیں ۔تب سے لیکر آج تک اسی خاندان سے اسلام اور انسانی کمالات کی کرنیں پھوٹتی ہیں جو سارے عالم کو منور کر دیتی ہیں ۔تاریخ گواہ ہے کہ جس جس نے بھی اس خاندان کے اوپر آنکھیں اٹھائی اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے ذلیل اور رسوا کر دیا۔

سیدنا حضرت امام حسین (علیہ السلام) اسی نیک اور پاک خاندان کا ایک چشم وچراغ ہیں ۔حضرت امام حسینؑ نے اپنے نانا حضرت محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے آغوش میں پرورش پائی اور مولائے کائنات حضرت علی (علیہ السلام) اور خاتون جنت حضرت فاطمہ زہرا (سلام اللہ علیہا) کے سائے میں بھی کسب فیض حاصل کرکے سید الشہداء کے اعلیٰ درجے پر فائز ہوئے۔

۱۰محرم الحرام ۶۱ھ میں نواسہ رسول جس کے بارے میں خود بانی اسلام حضرت محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا تھا "حسین منی وانا من الحسین" یعنی حسین مجھ سے ہیں اور میں حسینؑ سے ہوں ۔نے کربلا کی تپتی ریگزار میں اپنا اہل وعیال ،اصحاب اور مال واسباب سب کچھ دین اسلام پر نچھاور کر دیا ۔کیونکہ دین مبین اسلام کا شیرازہ ادا تا بکھرنے کا تھا کہ یزید جیسے فاسق وفاجر اور ظالم وجابر خلیفہ رسول ہونے کا دعویٰ کر رہا تھا ۔اور مسند خلافت پر بیٹھ کر شراب ،زنا ،ریا کاری اور فحاشی وغیرہ جیسے بدعات کو جنم دے رہا تھا ۔صرف اتنا ہی نہیں بلکہ یزید ملعون خود ان بدعات کا عادی تھا ۔خود خواہ خلیفہ خانوادہ اہلبیتؑ کا سخت ترین دشمن تھا اور اہلبیت رسولؐ کے ماننے والوں پر اس نے ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے ۔وقت آن پہنچا کہ درندہ صفت یزید ملعون ،نواسہ رسولؐ حضرت امام حسینؑ کو بیعت کی دعوت دے رہا ہے یعنی حق کو باطل کی طرف آنے کی دعوت دے رہا تھا ۔لیکن حجت خدا حضرت امام حسینؑ نے بیعت کے جواب میں فرمایا "مجھ جیسا کبھی بھی تم جیسے کی بیعت نہیں کر سکتا"۔

لہٰذا امام عالی مقام نے محسوس کرلیا کہ اسلام اپنے چاہنے والوں کا خون مانگ رہا ہے ۔جس طرح نبیوں نے مختلف طریقوں کی قربانیاں دے کر آزمائشوں سے گذر کر نبوت کا لوہا منوالیا بالکل اسی طرح امام عالی مقام نے عشق الٰہی میں با ارادہ اور با اختیار ہوکر جان کے علاوہ مال واسباب ،خواہشات اور جذبات کی قربانیاں پیش کرکے اس عظیم قربانی کو مقام انتہا تک پہنچادیا۔

شاعر مشرق نے اس قربانی کو یوں بیان فرمایا ہے:۔

غریب وسادہ ورنگین ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسینؑ ابتدا ہے اسماعیل

والسلام
مجتبیٰ علی ابن شجاعی
گنڈ حسی بٹ ،سرینگر کشمیر
☆☆☆☆☆☆

شیعہ سنی مشکلات کے حل کا راز عزاداری امام حسینؑ میں پوشیدہ

تحریر:اہلسنت قلمکار حاجی غلام حسن زرگر کولگامی کشمیر

میں فرقہ سنی حضرات سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ گروہی تصادم کو کسی بھی صورت میں ہوا نہ دیں ،بلکہ آپس میں اتحاد واتفاق قائم رکھیں ،خود کو ایک مسلمان کہنے والے کو قرآن حکیم میں درج یہ آیت یاد کرنی چاہئے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں زمین پر فساد برپا کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ہوں ،مجھے امید ہے کہ اس برصغیر میں شیعہ سنی حضرات آپس میں برادری ،مروت اور اتحاد واتفاق کو اپنا عمل کے طور پر اپنانے کی کوشش کرینگے۔

محرم الحرام کے سلسلے میں دنیا بھر میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں شیعہ مسلمان عزاداری کی مراسم قائم کرکے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہیں ،ہم سب کو ان تقاریب میں شرکت کرکے امت اسلامی کی یکجہتی اور اتحاد کو بڑھاوا دینے کی ضرورت ہے۔

امت مسلمہ میں سنی اور شیعہ دونوں فرقے شامل ہیں ،دونوں فرقے ایک ہی خدا کو ایک ہی رسول یعنی محمدؐ کو پیغمبر اور ایک ہی قرآن حکیم کو جو محمد رسول اللہؐ پر خدا کی طرف سے نازل ہوا ہے آخری آسمانی صحیفہ مانتے ہیں ،دنیا کے بیشتر علاقوں میں دونوں فرقوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد ہیں ،دونوں فرقے نماز ،روزہ ،زکوٰۃ اور حج کرنے کو دین اسلام کے اہم ستون تصور کرتے ہیں ،ایک تجزیے کے مطابق اس وقت شیعہ فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ زیادہ تر ایران ،عراق ،آذربائیجان اور بحرین میں آباد ہیں ،جبکہ سنی فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ زیادہ تر جنوب مشرق کے علاقوں میں جیسے کہ چین ،جنوب ایشیا ،افریقہ اور عرب دنیا کے بہت سے علاقوں میں بود وباش کرتے ہیں ،پاکستان ،کویت ،یمن اور لبنان میں شیعہ اور سنی دونوں فرقے موجود ہیں ،جبکہ ہندوستان کے کئی مسلم علاقوں میں بھی شیعہ اور سنی مسلمان بستے ہیں ،اہلسنت مسلک چار اماموں یعنی امام مالک ،امام شافعی ،امام ابوحنیفہ اور امام احمد بن حنبل جیسے علمائے دین کے لکھے ہوئے احادیث یا فقہ شریعت اسلامیات کو مستند مانتے ہیں اور سارے مسلم دنیا میں حنفی ،مالکی ،حنبلی وغیرہ ناموں کے تحت انکے پیروکار بھی موجود ہیں۔

حضور پُرنورؐ نے یہ پیشنگوئی پہلے ہی کی تھی کہ میرے بعد امت مسلمہ کئی فرقوں میں منقسم ہوجائیگی ،لیکن ایک بات ہے کہ اسلام کے بنیادی ستونوں یا ارکان میں کسی بھی فرقے نے کوئی تبدیلی نہیں لائی ہے ،یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ فرقہ بندیوں کو ایک طرف چھوڑ کر مشرق کا مسلمان مغرب کے مسلمان کا بھائی تصور کیا جاتا ہے اور ایک مسلمان کا کہ یا دردہ سب مسلمانوں کو باشعار اسلام ہے اور باشعور ہی چاہئے ،کیونکہ سارے فرقے ایک خدا تعالیٰ کو لا شریک تصور کرتے ہیں ،یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ،جزا اور سزا کے قائل ہیں ،ملائکہ کے وجود کو مانتے ہیں قرآن حکیم کو مقدس آسمانی کتاب ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں ،اور محمدؐ کو پیغمبر آخر الزمان تصور کرتے ہیں ،سبھی مسلمان خانہ کعبہ کو قبلہ مانتے ہیں اور اسی کی جانب منہ کرکے نمازیں بھی ادا کرتے ہیں ،سارے فرقے حج بیت اللہ کی ادائیگی کو دین کے پانچویں رکن کی حیثیت سے تسلیم کرتے ہیں ،اور استطاعت رکھنے والے لوگ یہ فریضہ بھی ادا کرتے ہیں ،اب چند فروعی معاملات یا چند احادیث پر اختلاف رکھنے کی وجہ سے ہم کسی بھی فرقے کو دین اسلام سے خارج قرار نہیں دے سکتے ہیں۔

چونکہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو آج تک 1437 سال ہجرت کئے ہوئے گزرے ہیں ،اس دوران مسلمانوں میں کئی نئے فرقے یا گروپ بھی وجود پا گئے ہیں ،لیکن بنیادی اصولوں میں کوئی فرق نہیں آئی ہے ،کوئی آمین بالجہر کہے یا یا بسر ،نماز کے وقت اپنے ہاتھ سینے پر باندھے یا پیٹ پر ،اس سے مسلمان ہونے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے ،میں نے دوران حج بیت اللہ کی حاجیوں کو دیکھا ہے کہ وہ ہاتھ بالکل سیدھا اور کھلے چھوڑتے تھے ،نہ سینے پر ہی رکھتے تھے اور نہ ہی پیٹ پر ،کچھ حاجی آمین بالجہر بھی کہتے تھے اور کچھ حاجی آمین بالسر بھی کہتے تھے ،یہ معاملات کسی تنازعہ یا تکرار کے معاملات نہیں ہونے چاہئیں ،الحمد للہ دیگر مذہبوں کی طرح ابھی اسلام کے بنیادی ارکان دین میں کوئی تبدیلی ،تحریف یا تخفیف نہیں آئی ہے۔

بہرحال اب محرم الحرام کا مہینہ شروع ہوگیا ہے ،اسلامی کلنڈر کے تحت یہ مہینہ نئے سال کے آغاز کا مہینہ ہوتا ہے ،بہت ہی بابرکت والا مہینہ ہے ،یہی وہ مہینہ ہے جس میں شہید اعظم حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور انکے رفقاء نے حق وانصاف اور دین اسلام کی سربلندی کیلئے شہادت عظیم پائی ہے ،یزید پلید کی طرف سے انکے اہل بیت کو قید کر دیا گیا تھا اور ان پر مختلف قسم کی سختیاں اور زیادتیاں بھی کی گئی تھیں ،اس کو یاد تازہ کرنا اور عزاداری اختیار کرنا سارے مسلمانوں کا حق بنتا ہے ،آخر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اہل بیت رسول اللہؐ اور انکے نواسے تھے ،شہادت حسین رضی اللہ عنہ نے ہمیں ایک درس دیا ہے یعنی ایک مسلمان کو حق وانصاف کی سربلندی کیلئے اپنے جان کی شہادت دینے سے بھی گریز نہیں کرنا چاہئے اور باطل کے سامنے ہرگز نہ جھکنا چاہئے ،چونکہ اس دنیا میں ازلین آفرینش آدم سے ہی حق وباطل کے درمیان ٹکراؤ یا کشمکش رہی ہے ،لیکن تاریخ گواہ ہے کہ مختلف ادوار میں بھی ہمیشہ حق کی سربلندی ہی رہی ہے۔

اس وقت شیعہ فرقے سے تعلق رکھنے والے مسلمان جہاں کہیں بھی آباد ہیں (عزاداری) کے طور پر شہدائے امام حسینؑ اور انکے رفقاء کی شہادت کی یاد تازہ کرنے کیلئے جلسوں اور جلوسوں کا انعقاد بھی کرتے ہیں ،نوجوان طبقہ سینہ کوبی بھی کرتے ہیں ،اس لئے میں فرقہ سنی حضرات سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ گروہی تصادم کو کسی بھی صورت میں ہوا نہ دیں ،بلکہ آپس میں اتحاد واتفاق قائم رکھیں ،خود کو ایک مسلمان کہنے والے کو قرآن حکیم میں درج یہ آیت یاد کرنی چاہئے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں زمین پر فساد برپا کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ہوں ،مجھے امید ہے کہ اس برصغیر میں شیعہ ،سنی حضرات آپس میں برادری ،مروت اور اتحاد واتفاق کو اپنا عمل کے طور پر اپنانے کی کوشش کرینگے ،تاکہ علامہ اقبال کا یہ شعر کہ ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے شرمندہ تعبیر ہوجائے۔

سچا مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھوں سے کسی بھی جاندار کو کوئی ایذا نہ پہنچے ،ایک سچے مسلمان کو امن اور امانت داری کی نشانی کے طور پر اپنی زندگی گزارنی چاہئے ،تعصب رکھنا اور نفرت کرنا ایک مسلمان کا شیوہ نہیں ہے ،ہمیں اپنے اندر ایسے اخلاق حسنہ پیدا کرنے چاہئیں جن کو دیکھ کر دیگر ادیان کے لوگ رشک کریں۔

(بشکریہ تعمیر نو)

امام حسینؑ مظلومین کا ترجمان و رہبر!



نواسہ رسولؐ امام حسینؑ اور ان کے دوسرے اصحاب کی شہادت اور قربانی نے صبر واستقامت اور بہادری کی ایک قابل رشک تاریخ رقم کی ہے اور کمزور جان کردیا ئے اور کچلے جارہے لوگوں کے لیے ان کی سیرت میں ایک اہم سبق ہے کہ وہ ظالم اور جابر قوتوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں اور عدل وانصاف کا نظام قائم کرنے کے لیے جدوجہد کریں۔ امام حسینؑ مسلمانوں کے کسی خاص مسلک، فرقے یا گروہ کے نہیں، بلکہ پوری امت کے راہنما ہیں اور آپؑ نے عزیمت کا جو راستہ دکھایا ہے، وہ ہر کلمہ حق پڑھنے والے کے لیے مشعل راہ ہے اور یہی ایک نجات کی سبیل ہے۔

میں ملی اتحاد کو زیادہ سے زیادہ مضبوط اور مستحکم بنانے اور شرپسندوں کی سازشوں سے خبردار رہنے کی اپیل کرتا ہوں اور آج جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں وہ کربلا سے مختلف نہیں ہیں اور حالات کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے صفوں میں زیادہ سے زیادہ اتحاد، بھائی چارہ اور باہمی اخوت اور محبت سے مضبوط بنائیں تاکہ دشمن کو کوئی ایسا موقع نہ ملے جس سے وہ کشمیر کی اس تحریک کو کمزور کرسکے۔

امام حسینؑ کو خراج تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ شیعہ اور سنی مل کر بھارت کے کشمیر میں قبضے کے خاتمے اور اسلام کے عادلانہ نظام کے قیام کے لیے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لاکر جدوجہد کریں۔

سید علی شاہ گیلانی، چیرمین کل جماعتی حریت کانفرنس

حسینی تحریک میں اُمت اسلامی کا تحفظ یقینی

پھر حق ہے آفتاب لبِ بام اے حسینؑ
پھر بزم آب و گل میں ہے کہرام اے حسینؑ
پھر زندگی ہے سست و سبک گام اے حسینؑ
پھر حریت ہے موردِ الزام اے حسینؑ
ذوقِ فساد و ولولہ شر لئے ہوئے
پھر عصر نو کے شمر ہیں خنجر لئے ہوئے

محرم کا چاند نظر آتے ہی بطل حریت، امام مظلومان، جگر گوشہ رسول مقبولؐ، دلبند فاتح خیبر، جان فاطمہ الزہراؑ، سیدالشہداء، فاتح کربلا حضرت امام حسین علیہ السلام کی حریت پسندوں کو حرارت بخشنے والی، غلاموں کو جذبہ آزادی سے سرشار کرنے والی، ماؤں کو بیٹوں اور بہنوں کو بھائیوں کی بہاریں خدا کی راہ میں لٹانے کی دعوت دینے والی، طاغوت کے ایوانوں کو ہلا دینے والی آواز "ھل من ناصر ینصرنا" چار سو گونج رہی ہے۔ اس آواز نے دنیا کے باطل نظام کو ہمیشہ درہم برہم کر رکھا ہے۔ جب بھی طاغوت نے حق کے پرستاروں اور آزادی کے متوالوں کو زیر کرنا چاہا تب اسی حسینی پیغام نے مظلوموں کو ظالموں، غلاموں کو آقاؤں اور محکوموں کو حاکموں پر حاوی کردیا۔ آج ہمارے مظلوم وطن جموں وکشمیر کی ہر صبح عاشورا اور ہر شام شام غریباں کا منظر پیش کر رہی ہے جہاں بیٹوں کو ماؤں، بھائیوں کو بہنوں کے سامنے اور شیر خواروں کو ماؤں کی آغوش میں شہید کیا جاتا ہے۔ 61ھ میں جب عالم اسلام پر ظلم و جبر کے بادل چھائے ہوئے تھے اور یزید جیسا حکمران کھلم کھلا طاغوت بن کر ہمہ جہت دین اسلام کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے احکامات جاری کر رہا تھا، انسانیت آخری سانسیں لے رہی تھی، دین حق کے متوالے عقوبت خانوں میں دم توڑ رہے تھے، حق کی آواز دبانے والوں کے سر قلم کئے جارہے تھے، چنانچہ اس پرآشوب وقیامت خیز دور میں سیدنا حضرت امام حسینؑ نے نمرود صفت فاسق وفاجر یزید کے خلاف علم جہاد بلند کرکے کربلا کے بے آب وگیاہ صحرا میں اپنے بہتر جانثاروں کے ساتھ باطل کو للکارا اور اپنی عظیم الشان قربانی سے باطل کو صفحہ ہستی سے نیست ونابود کردیا اور اسلام کو حیات ابدی عطا کی۔



آج بھی اگر عالم انسانیت اور خصوصاً اہالیان کشمیر اس پیغام حسینی پر کان دھرے اور کربلا والوں کے مشن کی آبیاری کرے تو پھر عصر حاضر کی تمام مشکلات کا حل خود بخود سامنے آجائے گا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ملت کشمیر مکمل اتحاد واتفاق سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر واقعہ کربلا کے اس عظیم پیغام اور فلسفہ شہادت امام حسینؑ کو جلا بخشے اور اس مظلوم اور غلام قوم کو جذبہ حسینی سے سرشار کرنے والے پیغام کو سمجھے اور اس پر عمل پیرا ہو تاکہ وقت کے یزید، ابن زیاد اور شمر سے نجات حاصل کی جاسکے۔ جموں وکشمیر کے حریت پسندوں اور اسلام کے جیالے فرزندوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ محرم الحرام کے پرامن پروگراموں میں اپنی شرکت یقینی بناکر فدایان حسینؑ کا ثبوت دیکر باطل نظام کو دندان شکن جواب دیں۔

مولانا محمد عباس انصاری، سرپرست اعلیٰ جموں وکشمیر اتحاد المسلمین و سابق چیرمین کل جماعتی حریت کانفرنس

امام حسینؑ و شہدائے کربلا کی قربانی ہم سب کیلئے مشعل راہ

نواسہ رسولؐ اور ان کے یاران کی قربانی امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہیں۔ شہدائے کربلا نے رہتی دنیا تک مظلوب قوموں کے لئے جسطرح کے نشان راہ چھوڑے ہیں ان پر چل کر ہم بھی کامیابی اور کامرانی سے سرفراز ہوسکتے ہیں۔ امام حسینؑ نے ایک قلیل تعداد میں ہوکر بھی ہمیں یہ سبق دیا ہے کہ قلت وکثرت کو خاطر میں لائے بغیر بھی ہم اپنا فرض ادا کرسکتے ہیں۔ موجودہ دور کے ظالم حکمرانوں کے خلاف حسینیت کے جذبے کے تحت جدوجہد جاری رکھنے کی ضرورت ہے تاہم دشمن قوتیں ہمارے صفوں کے درمیان انتشار وافتراق پیدا کرنے کے لئے کسی بھی حد کو جاسکتے ہیں لیکن ہمیں ان حالات میں اتحاد واتفاق کے دامن کو ہاتھ سے جانے نہیں دینا ہے۔ میں شیعہ سنی برادری سے اتحاد واتفاق کی فضا کو بنائے رکھنے کی اپیل کرتا ہوں کیونکہ امام حسینؑ بلاتفریق مسلک بھی لوگوں کے لئے ایک روشن چراغ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جس طرح امام عالی مقامؑ نے ظلم وستم اور ملوکیت کے خلاف مقاومت کا مظاہرہ کیا اسی طرح ہمیں بھی موجودہ دور کے ظالمین کے خلاف کرنا ہوگا۔ امام حسینؑ نے دنیاوی مفاد یا اختیار واقتدار کے حصول کے لئے مقدس جانوں کی قربانی پیش نہیں کی بلکہ حقیقی اسلام کو زندہ رکھنے کیلئے انہوں نے راہ جہاد کو اپنالیا اور اس واقع سے ہمیں بھی یہی سبق مل رہا ہے کہ کسی بھی صورت میں باطل کے ساتھ سمجھوتہ نہیں کرنا چاہئے۔

شبیر احمد شاہ، سینئر حریت رہنما و چیرمین ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی

روز عاشورہ حق وصداقت کو فتح ونصرت حاصل ہوگئی

محرم الحرام کی دسویں تاریخ کو حق وباطل کے درمیان معرکہ کربلا کا ایک تاریخی واقعہ پیش آیا ہے جس میں نواسہ رسول (ص) حضرت امام حسین (ع) کی شہادت واقع ہوئی اور حق وصداقت کو فتح ونصرت حاصل ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ اس ماہ کے برکت سے نئے سال کو سال عالم اسلام کی سربلندی، عالم انسانیت کی بقا اور ریاست جموں وکشمیر میں مکمل امن وامان کا باعث بنائے۔

ڈاکٹر فاروق عبداللہ، سابق وزیر اعلیٰ و صدر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس

ملی اتحاد بہترین خراج عقیدت



امام حسین علیہ السلام نے اپنے 72 ساتھیوں کے ہمراہ اپنے مقدس لہو سے اسلام اور گلستان رسالت کو سینچ کر ایسا ہرا بھرا کر دیا، صدیوں گزر جانے کے بعد بھی اسلام کی تازگی روح حسینؑ سے تابندہ ہے۔ امام عالی مقامؑ نے معرکہ کربلا میں انسانیت کے نام پیغام دیا کہ انسان کی سربلندی اللہ ورسول کی رضا میں موجود ہے۔ امام حسینؑ کے تئیں سب سے بڑا خراج عقیدت یہ ہے کہ باہمی اتحاد واتفاق کو مضبوط اور ملی اتحاد بنایا جائے تاکہ اسلام مخالف قوتوں کو پست وناچیز کیا جائے۔ سید الشہداء کسی مخصوص طبقے شیعہ وسنی کے ہی رہنما نہیں بلکہ پوری کائنات کیلئے مشعل راہ ہے۔ مظلوم کشمیری قوم کے ساتھ ساتھ آج پوری دنیا میں مسلمان جس نازک ترین دور سے گزر رہے ہیں وہ کربلا سے کم نہیں۔ اقوام عالم میں انسانی سوچ رکھنے والے لوگوں کو کردار حسینی سے سبق لیکر مظلوم ومحکوم اور مجبور ومغلوب قوموں کیلئے متحد ہوکر آگے آنے کی ضرورت ہے تاکہ بکھرے ہوئے ملت کو ایک تسبیح کے دانوں کی طرح یکجا کیا جائے۔

مولانا غلام رسول حامی، امیر کاروان اسلامی جموں وکشمیر

یا حسینی بن
یا یزیدی بن

وہ بندہ بھی کتنا عجیب ہے
جو کہے یزید بھی ٹھیک ہے
یا حسینی بن یا یزیدی بن
ایسے جھوٹ میں کیوں شریک ہے
کیوں دو کشتیوں کا سوار ہے
جو ہے حق نما وہ حسین ابن علیؑ ہے
میرا مولا حسین ہے

اہلسنت نعت خواں
حافظ طاہر ادری پاکستان

تاریخ کا ایک ورق---

امام حسینؑ کے تاریخی دوست اور دشمن

ہارون الرشید پہلا خلیفہ تھا کہ جس نے امام حسین (ع) کی قبر مبارک اور اس کے اطراف کے گھروں کے ساتھ دست درازی کی، اور آج داعش والے چاہتے ہیں کہ تاریخ کو دوہرائیں، لیکن امام اور ان کی بارگاہ سے لوگوں کا عشق اور ان کی محبت، امام سے لڑنے والوں کے کینے کی آگ پر ٹھنڈے پانی کا کام کرتی ہے۔

امام حسین (علیہ السلام) کا حرم تاریخ کے ہر دور میں ایک طرف سے خلفاء اور بے دینوں کی دشمنی اور دوسری جانب عوام کے عشق اور ان کی محبت کا محور رہا ہے، عباسیوں کی حکومت کی ابتدا میں، امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کی زیارت کا راستہ مسلمانوں کے لیے ہموار ہوا اور یہ سلسلہ ہارون الرشید کے دور تک چلتا رہا کہ جو پانچواں عباسی خلیفہ تھا اور 193 ہجری میں اس نے امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک اور اس کے اطراف کے تمام گھروں کو ویران کر دیا۔

ہارون الرشید پہلا خلیفہ تھا کہ جس نے امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کے ساتھ دست درازی کی تھی

ہارون الرشید کے بعد شیعوں کے تیسرے امام کی آرامگاہ کے اوپر ایک اور عمارت بنائی گئی، کہ جو 233 ہجری قمری یعنی متوکل عباسی کے اقتدار تک پہنچنے تک اپنی جگہ پر برقرار رہی لیکن متوکل عباسی نے بھی وہی راستہ اپنایا جو ہارون الرشید نے اپنایا تھا اور اس نے اپنی سیاست کی بنیاد اہل بیت (ع) کی دشمنی پر رکھی۔

متوکل امام کے ساتھ لڑنے والا دوسرا عباسی خلیفہ

متوکل عباسی کہ جو امام حسین (علیہ السلام) سے عشق و محبت کا سرچشمہ اہل بیت (ع) کی محبت کو قرار دیتا تھا اور وہ امام حسین (علیہ السلام) کی بارگاہ کے زائرین کی تعداد کو بڑھتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا اس نے امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک اور اس کے اطراف کے گھروں کو مسمار کرنے کا حکم دیا تھا اور امام حسین (ع) کی زیارت پر پابندی لگا دی تھی۔ متوکل عباسی نے اس پورے علاقے کو زیر و زبر کر دیا تھا اور اس کے بعد پورے علاقے میں پانی چھوڑ دیا تھا۔ تاریخ میں یہ واقعیت درج ہے کہ ایک شخص جس کا نام دیزج تھا اور یہودی الاصل تھا وہ امام حسین (علیہ السلام) کے زائرین کو قتل کرنے پر متوکل عباسی کی جانب سے مامور تھا۔ اس شخص کی ماموریت یہ تھی کہ ہر زائر کو جو اس علاقے میں امام حسین (علیہ السلام) کی زیارت کے لیے جائے اسے تلوار کے گھاٹ اتار دے۔

سال 247 میں متوکل عباسی کی ہلاکت کے بعد امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کے اوپر بڑی عمارت تعمیر کی گئی وہ اس قدر اونچی تھی کہ لوگ دور دراز سے اس کو پہچان لیتے تھے اور زیارت کے لیے اس کی طرف چل پڑتے تھے۔

اس کے بعد بہت سارے علوی اپنے مکان کربلا میں امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کے نزدیک بنانے میں کامیاب ہو گئے کہ جن میں سرفہرست، ابراہیم المجاب بن محمد العابد بن الامام موسیٰ بن جعفر (علیہ السلام) تھے وہ سب سے پہلے علوی تھے جنہوں نے سرزمین کربلا پر سکونت اختیار کی، اور یہ اتفاق ۲۴۷ ہجری میں وقوع پذیر ہوا۔

سال 1216 ہجری میں کربلا اور حرم امام حسین (علیہ السلام) پر وہابیوں کے ایک گروہ نے وحشیانہ حملہ کیا کہ جس کی رہبری سعود ابن عبد العزیز کے ہاتھ میں تھی۔ اس نے عید غدیر کے دن اس شہر کا محاصرہ کیا اور اس کے اکثر رہنے والوں کو چاہے وہ کہ جو بازار میں تھے یا وہ کہ جو گھروں میں تھے سب کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا۔

سعود بن عبد العزیز اس زمانے میں 12 ہزار سے زیادہ فوج کے ساتھ کربلا میں داخل ہوا اور اس شہر کے بہت سارے ساکنین کو قتل کرنے کے بعد اس نے امام حسین (ع) کی قبر مبارک کے صندوقوں کو کہ جن میں بے شمار سونا پیسہ اور قیمتی اشیاء تھیں، لوٹ لیا۔

آج اسی طرز فکر کے تحت عراق و شام کی اسرائیلی حکومت، داعش، کہ جو نیا تکفیری گروہ شمار ہوتے ہیں، انہوں نے اپنی ناپاک آرزو زبان پر لائی ہے اور مجازی فضا کے صفحات پر لکھا ہے: زرافشی یہ جان لیں کہ ہمارا مقصد کربلا اور نجف اور سامراء کے شرک آلود مظاہر کو مسمار کرنا ہے۔ آپ جان لیں کہ عراق میں ان مظاہر کی تخریب کے بعد ہم ایران آئیں گے اور مشہد ایران کو خاک میں ملا دیں گے۔

ایرانیوں اور ایران کے حکام کا اہل بیت (علیہ السلام) سے تاریخی عشق

آل بویہ کی حکومت کی تاسیس کے بعد، عضد الدولہ نے سال 379 ہجری قمری میں امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کے لیے ہاتھی کے دانتوں کی ایک ضریح بنائی اور سید الشہداء کے لیے نئی بارگاہ کی بنیاد رکھنے کے بعد، اس کے اطراف میں بہت سارے بازار اور گھر تعمیر کروائے اور شہر کربلا کو اونچی اونچی دیواروں سے گھیر دیا گیا۔ یہ شہر عضد الدولہ کے زمانے میں بہت بارونق اور دینی اجتماعی، سیاسی، اقتصادی اور ادبی لحاظ سے ایک بہت مشہور شہر میں تبدیل ہو گیا۔

آل بویہ اور سلجوقی اہل بیت (علیہ السلام) کے محب تھے

آل بویہ کی حکومت کے ختم ہو جانے کے بعد، سلجوقیوں نے اقتدار سنبھالا اور سلجوقیوں کی سیاست بھی عتبات مقدسہ کو اہمیت دینے پر مبنی قرار پائی۔ اس زمانے میں سلطان ملک شاہ سلجوقی اور اس کے وزیر نظام الملک کے دور میں 553 ہجری قمری میں دیواریں تعمیر کی گئیں اور امام حسین (علیہ السلام) کے حرم شریف کی عمارتوں کی تعمیر نو کی گئی، اور خلیفہ مقتفی ذاتی طور پر امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے روانہ ہوا اس کے بعد دیگر خلفاء نے بھی اسی کی سیاست کی پیروی کی اور وہ امام حسین (علیہ السلام) کے حرم کی زیارت کے لیے جاتے تھے یہاں تک کہ خلیفہ، ناصر الدین اللہ اور المعتصم اور المستنصر نے بھی امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کی زیارت کی۔

جب شاہ اسماعیل صفوی نے سال 914 میں بغداد کو فتح کیا تو ذاتی طور پر امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے کربلا کی جانب روانہ ہوا اور حکم دیا کہ امام حسین (علیہ السلام) کی قبر مبارک کے لیے سونے کی ضریح بنائی جائے۔ اس نے سونے کے بارہ چلچراغ بھی امام حسین (علیہ السلام) کی قبر شریف پر ہدیے کے طور پر چڑھائے اور اس بارگاہ مقدس کے لیے خالص چاندی کا ایک صندوق بنانے کا حکم صادر کیا۔

اسی طرح اس نے امام حسین (علیہ السلام) کی بارگاہ کو انتہائی قیمتی مفروشات سے آراستہ کیا۔ شاہ اسماعیل صفوی نے ایک رات امام حسین (علیہ السلام) کے حرم میں اعتکاف کیا اور اس کے بعد نجف اشرف میں حضرت علی (علیہ السلام) کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے روانہ ہو گیا۔ عہد قاچار میں تین بار امام حسین (علیہ السلام) کے گنبد کو سونے سے آراستہ کیا اور آغا محمد خان، ایران میں قاچار کے بانی نے بذات خود 1207 ہجری قمری میں امام حسین (علیہ السلام) کے گنبد پر سونے کا کام کروایا۔ فتح علی شاہ قاچار نے بھی اس بنا پر کہ امام حسین (علیہ السلام) کے گنبد کا سونا سیاہ ہو گیا تھا، دوسری بار نئے سرے سے اس گنبد پر سونے کا کام کروایا۔

(بشکریہ عالمی نیوز نور ڈاٹ کام)

☆☆☆☆☆

> سال 1216 ہجری میں کربلا اور حرم امام حسین (علیہ السلام) پر وھابیوں کے ایک گروہ نے وحشیانہ حملہ کیا کہ جس کی رہبری سعود ابن عبد العزیز کے ھاتھ میں تھی. اس نے عید غدیر کے دن اس شہر کا محاصرہ کیا اور اس کے اکثر رہنے والوں کو چاھے وہ کہ جو بازار میں تھے یا وہ کہ جو گھروں میں تھے سب کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا. سعود بن عبد العزیز اس زمانے میں 12 ھزار سے زیادہ فوج کے ساتھ کربلا میں داخل ھوا اور اس شہر کے بہت سارے ساکنین کو قتل کرنے کے بعد اس نے امام حسین (ع) کی قبر مبارک کے صندوقوں کو کہ جن میں بے شمار سونا پیسہ اور قیمتی اشیاء تھیں ،لوٹ لیا. آج اسی طرز فکر کے تحت عراق و شام کی اسرائیلی حکومت ،داعش ، کہ جو نیا تکفیری گروہ شمار ھوتے ھیں اور نعرہ بلند کیا ھے کہ ھمارا مقصد کربلا اور نجف اور سامراء کے شرک آلود مظاھر کو مسمار کرنا ھے

علماء سلف کے ہاتھ بندھے تھے نہیں کہہ سکتے تھے کہ "یہ کام غلط اور خلاف ہے" آج اسلام کی حاکمیت اور اسلام کے جلوہ کا دن ہے۔ ایسا کوئی کام نہ کیا جائے کہ جس سے اسلامی معاشرے کا برترین طبقہ یعنی محب اہل بیت علیہم السلام کا معاشرہ جو کہ امام زمان ارواحنا فداہ کے نام مقدس، حسین بن علی علیہ السلام کے نام اور امیر المومنین علیہ الصلاۃ والسلام کے نام سے منسلک ہیں، باقی مسلمانوں اور غیر مسلمانوں کی نظروں میں ایک خرافاتی قسم کا معاشرہ متعارف کیا جائے۔

حقیقت میں، میں نے جتنا بھی اس قمہ زنی کے بارے میں جو کہ یقیناً ایک خلاف اور غلط کام ہے غور کیا، دیکھا کہ اپنے عزیز لوگوں کو بتانا ضروری ہے کہ ایسا نہ کریں۔ یقیناً میں اس کام سے کسی بھی صورت میں راضی نہیں ہوں۔ اگر کسی نے قمہ زنی کا مظاہرہ کیا، میں دلی طور اس سے ناراض ہوں۔ یہ بات میں نہایت تاکید کے ساتھ عرض کرتا ہوں۔

ایک زمانہ تھا، اطراف و اکناف میں کچھ لوگ جمع ہوتے تھے، عمومی نظروں سے پوشیدہ قمہ زنی کیا کرتے تھے اور ان کے کام کا مظاہرہ آج کل کا جیسا نہ تھا، کسی کو اسکے اچھا یا برا ہونے سے کوئی مطلب نہ تھا۔ کیونکہ ایسا ایک محدود دائرے میں انجام پاتا تھا۔ لیکن جب اچانک ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کا تہران کی یا قم یا آذربائیجان یا خراسان کے جیسے شہروں میں سڑکوں پر ہاتھوں میں قمہ اور تلواریں لے کے سروصورت پر مارتے ظاہر ہوتا ہو۔ قطعاً یہ غلط کام ہے۔ امام حسین علیہ السلام اس طریقے سے راضی نہیں ہیں۔ میں نہیں سمجھ پاتا کہ کون سا سلیقہ اور کہاں سے یہ عجیب بدعات اور خلاف کام اسلامی معاشرے اور انقلابی معاشرے میں لائے جاتے ہیں!۔

پچھلے دنوں میں، زیارت کے سلسلے میں بھی ایک عجیب وغریب اور نامانوس بدعت کو گھڑا گیا ہے! اس طرح کہ جب ائمہ معصومین علیہم السلام کی قبور کی زیارت کرنا چاہتے ہیں، صحن کے دروازے سے داخل ہوتے ہی اپنے آپ کو پیٹ کے بل گراتے ہیں اور سینہ خیز اپنے آپ کو حرم تک پہنچاتے ہیں! آپ جانتے ہیں کہ پیغمبر صلواۃ اللہ علیہ کی قبر مطہر اور قبور امام حسین، امام صادق، موسیٰ بن جعفر، امام رضا اور باقی ائمہ علیہم السلام کی بھی لوگ، علماء اور بڑے فقہاء، مدینہ، عراق اور ایران میں زیارت کرتے تھے۔ کیا آپ نے کبھی بھی سنا کہ ائمہ علیہم السلام میں سے کسی ایک نے ایسا کیا ہو اور یا علماء جب زیارت کو جانا چاہتے تھے اپنے آپ کو صحن کے دروازے سے گراتے تھے اور سینہ خیز اپنے آپ کو حرم تک پہنچاتے تھے! اگر ایسا کرنا مستحسن اور مستحب ہوتا، مقبول اور صحیح ہوتا، ہمارے بزرگ ایسا کرتے، لیکن نہیں کیا۔ جبکہ نقل کیا گیا ہے کہ مرحوم آیت اللہ العظمی آقای بروجردی رضوان اللہ تعالی علیہ، وہ بڑے عالم اور قوی، عمیق اور روشن فکر مجتہد، ضریح کو چومنے سے منع کرتے تھے جو کہ شاید مستحب ہے۔ احتمالاً ضریح چومنے کے بارے میں روایت بھی موجود ہیں۔ دعا کی کتابوں میں ہے۔ میرے ذہن میں بھی ہے کہ ضریح چومنے کے سلسلے میں روایت موجود ہے۔ اسکے باوجود کہ ضریح کو چومنا مستحب ہے انہوں نے کہا: "ایسا نہ کریں، مبادا دشمن خیال کرے کہ سجدہ کرتے ہیں اور شیعوں کے خلاف الزام تراشی کیلئے نیا بہانہ پا گئیں"۔

لیکن آج جب کچھ لوگ صحن مطہر علی بن موسیٰ الرضا علیہ الصلاۃ و السلام میں داخل ہوتے ہیں خود کو زمین پر گراتے ہیں اور دو سو میٹر سینہ خیز چلتے ہیں تا کہ خود کو حرم تک پہنچائیں! کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟ نہیں۔ یہ غلط کام ہے۔ یہ تو دین اور زیارت کی اہانت ہے۔ کون اس قسم کے ہتھکنڈوں کو لوگوں میں رائج کرتے ہیں، ایسا نہ ہو کہ یہ کام دشمن کا ہو! یہ باتیں لوگوں کو سمجھائیں، اور دونوں کو اجاگر کریں۔

دین منطقی ہے۔ اسلام منطقی ہے اور اسلام کا منطقی ترین حصہ وہ تفسیر ہے جو کہ شیعہ اسلام کا ہے! ایک محکم تفسیر۔ شیعہ متکلمین اپنے اپنے زمانے میں آفتاب کی طرح چمکتے رہے اور کوئی انہیں نہیں کہہ سکتا تھا کہ "آپ کی منطق کمزور ہے"۔ یہ متکلمین، چاہے ائمہ علیہم السلام کے زمانے میں تھے۔ جیسے کہ "مومن طاق" اور "ہشام بن حکم" چاہے ائمہ علیہم السلام کے زمانے کے بعد "بنی نوبخت" اور "شیخ مفید" جیسے اور چاہے ان کے بعد والے زمانے میں مرحوم "علامہ حلی" جیسے بہت زیادہ تھے۔

ہم منطق و استدلال والے ہیں، آپ دیکھیں مکتبہ محمد وآل محمد کے بارے میں کیسی استدلالی محکم کتابیں لکھی گئیں ہیں! ہمارے زمانے میں مرحوم "عبدالحسین شرف الدین" کی کتابیں اور مرحوم "علامہ عبدالحسین امینی" کی "الغدیر" سرتا پا استدلالوں سے بھری پڑی ہیں۔ یہ تشیع ہے یا وہ مطالب اور موضوعات کہ جن کے لئے نہ صرف استدلال نہیں ہے بلکہ خرافات سے بھرے ہیں "اشبہ شئی بالخرافۃ"! کیوں ان کو لاتے ہیں! یہ بہت بڑا خطرہ ہے جسکا خیال دین اور دینی معارف کے سرحدوں کی حفاظت کرنے والے علماء کو رکھنا ہے۔

البتہ: کچھ لوگ جب یہ باتیں سنیں گے، یقیناً ہمدردی سے ضرور کہیں گے "آج فلانی کو ان باتوں کو نہیں چھیڑنا تھا" نہیں: مجھے یہ کہنا چاہئے تھا۔ میں یہ باتیں ضرور کہتا رہوں گا۔ میری مسئولیت دوسروں سے زیادہ ہے۔ البتہ دیگر حضرات کو بھی ایسا کہنا چاہئے۔ آپ حضرات بھی ضرور کہیں۔ بزرگوار امام ایسے خط شکن تھے کہ جہاں کہیں بھی انحراف پاتے تھے، پوری قدرت کے ساتھ اور کسی لحاظ کے بغیر اسے بیان فرماتے تھے۔ اگر ایسی بدعت اور غلط کاری اس بزرگوار کے زمانے میں ہوتی یا اس حد تک پہنچی ہوتی، بے شک اسے بیان کرتے۔ البتہ جن لوگوں کا ان کاموں سے دل لگا تھا ان کو تکلیف ہوگی کہ کیوں فلانی نے ہماری پسندیدہ کام کو اس طرح بے دردی اور اس لہجہ کے ساتھ بیان کیا۔ وہ بھی اکثر مومن، سچے اور بے غرض لوگ ہیں؛ لیکن غلط کرتے ہیں۔

جو سب سے بڑی ذمہ داری روحانیین اور علماء حضرات پر ہر بخش میں اور ہر جگہ پر ضروری طور عائد ہوتی ہے وہی ہے جو کچھ عرض کیا گیا۔ عزای حسین علیہ الصلاۃ والسلام کی مجلس، ایسی مجلس ہونی چاہئے جس سے معرفت حاصل ہو اور ان تین خوبیوں کا کہ جن کو عرض کیا گیا کے گھرنے کا مرکز ہونا چاہئے۔

امید کرتا ہوں کہ خداوند متعال آپ کو کامیاب رکھے تا کہ جو کچھ پروردگار کی رضایت کا سبب ہے اسے قدرت، شجاعت، تلاش و کوشش اور جہد مسلسل کے ساتھ بیان کریں اور انشاءاللہ اپنی ذمہ داری کو انجام تک پہنچائیں۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ڈاکٹر اقبالؒ کی شاعری میں کربلا اور امام حسینؑ

نواسہ رسول امام حسین علیہ السلام کی لازوال قربانی اور کربلا کا حق و باطل کا معرکہ تاریخ انسانی کا وہ ناقابل فراموش واقعہ ہے جسے کوئی بھی صاحب شعور انسان نظرانداز نہیں کرسکتا بعض اہل علم کے مطابق شعر اور شاعر کا لفظ بھی شعور سے مشتق ہوا ہے لہذا جو جتنا باشعور ہوگا اس کے اشعار میں اتنی ہی گہرائی اور وسعت ہوگی شاعر مشرق علامہ اقبال بھی عصر حاضر کے وہ عظیم شاعر ہیں جن کی شاعری عقل و شعور اور بلندی افکار و تخیل سے مزین ہے لہذا یہ ناممکن ہے کہ علامہ اقبال جیسی حساس شخصیت واقعہ کربلا کو نظرانداز کرے۔

علامہ اقبال کی اردو اور فارسی شاعری میں امام حسین (ع) اور کربلا ایک ایسا استعارہ ہے جو ظلم و ستم کے خلاف استقامت اور اسلام کے حقیقی رہبر کی نشاندہی کرتا ہے۔ وہ کربلا اور امام عالی مقام کو حق و وحدت کا دبستان اور حق و باطل کا میزان قرار دیتے ہیں ان کی حق شناس آنکھ کربلا کے واقعہ کو ایک تاریخی واقعہ کے طور پر نہیں دیکھتی بلکہ وہ امام حسین (ع) کی صدا کے احتجاج اور ان کی لازوال قربانی کو اسلام کی بقا اور حیات قرار دیتے ہیں۔ ادارہ "ولایت ٹائمز" قارئین کی خدمت میں چند مقداری اشعار پیش کرتا ہے:

آپ بال جبرئیل میں اپنے عقیدے کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں:

غریب و سادہ و رنگین ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسماعیل

بعض اقبال شناسوں کے مطابق علامہ اقبال نے خدا کی رضا و اجازت کے بغیر ایک بھی لفظ زبان پر نہ لانے والے پیغمبر گرامی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس معروف حدیث کی تشریح کی ہے جس میں آپ نے ارشاد فرمایا تھا "حسین منی وانا من الحسین" (یعنی حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں)

اس حدیث کے سامنے آنے کے بعد بہت سے لوگوں نے یہ سوال اٹھایا تھا کہ رسول خدا کی ذات سے امام حسین (ع) کا وجود تو ممکن ہے کیونکہ وہ آپ کے نواسے ہیں لیکن رسول خدا کا امام حسین سے ہونا کیا۔۔۔۔ رکھتا ہے۔ اس حدیث کی تفسیر میں آیا ہے کہ چونکہ رسول آخر زمان حضرت اسماعیل کی اولاد میں سے ہیں اور اگر حضرت اسماعیل، حضرت ابراہیم کے ہاتھوں قربان ہو جاتے تو رسول اکرم کا وجود مبارک بھی نہ ہوتا۔ جب اللہ تعالی نے حضرت اسماعیل کی قربانی کو ذبح عظیم کے بدلے ایک دنبے کی قربانی میں تبدیل کر دیا تو جس ذبح عظیم کا ذکر آیا وہ امام حسین کی قربانی ہے لہذا امام حسین نے حضرت اسماعیل کی جگہ پر اپنی قربانی پیش کی اور یوں حضرت اسماعیل قربانی ہونے سے محفوظ رہے اور آپ کی نسل رسول خدا تک پہنچی۔

علامہ اقبال ایک اور مقام پر اسی موضوع کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:

آں امام عاشقاں پور بتول
سرو آزادی ز بستان رسول
اللہ اللہ بای بسم اللہ پدر
معنی ذبح عظیم آمد پسر

اقبال ایک اور مقام پر امام حسین (ع) کو خطاب کر کے کہتے ہیں:

"سر ابراہیم و اسماعیل بود
یعنی آں اجمال را تفصیل بود"

علامہ اقبال معرکہ کربلا کو حق و باطل کا ایک بے مثل واقعہ قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں:

"حقیقت ابدی ہے مقام شبیری
بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی"

گویا اقبال کی نظر میں امام حسین حق و صداقت کا وہ میزان ہیں جو ہر دور میں حق و باطل کی کسوٹی ہیں جیسا کہ تاریخ میں ملتا ہے کہ جب یزید نے مدینہ منورہ کے والی ولید اور مروان کے ذریعے امام حسین سے بیعت کا مطالبہ کیا تو آپ نے ایک ایسا جملہ ارشاد فرمایا جو حریت پسندی کے لیے ہمیشہ نصب العین بنا رہے گا آپ نے فرمایا تھا: "مجھ جیسا یزید جیسے کی بیعت نہیں کر سکتا"

علامہ اقبال نے اسی مفہوم کو ایک اور شعر میں یوں ادا کیا ہے

موسیٰ و فرعون و شبیر و یزید
این دو قوت از حیات آمد پدید

علامہ اقبال واقعہ کربلا کو اسلام کی بقا کا ضامن قرار دیتے ہیں اور بے ساختہ بول اٹھتے ہیں:

زندہ حق از قوت شبیری است
باطل آخر داغ حسرت میری است

علامہ اقبال امام حسین کو ظلم و استبداد کے خلاف ایک مثالی کردار بنا کر پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں:

بر زمین کربلا بارید و رفت
لالہ در ویرانہ ہا کارید و رفت
تا قیامت قطع استبداد کرد
موج خون او چمن ایجاد کرد
رمز قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم

علامہ اقبال واقعہ کربلا اور امام حسین کی شخصیت کو اسلامی اور انسانی بیداری کا لازوال کردار گردانتے ہیں "رموز بیخودی" میں کہتے ہیں:

عزم او چون کوہساران استوار
پایدار و تند سیر و کامگار

آگے چل کر مزید کہتے ہیں:

خون او تفسیر این اسرار کرد
ملت خوابیدہ را بیدار کرد
